# عید مبارک

عید سعید فطر
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا** عید اصل میں فقط اُس کی ہے
جس کے روزے کو اللہ نے قبول کیا ہو اور نماز کی قدردانی کی ہو
اور دن کوئی بھی ہو، جس میں اللہ کی نافرمانی نہ کی جائے وہی عید ہے۔۔

(نہج البلاغہ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
## نے فرمایا

خداوند عید کے دن فرماتا ہے
کہ جن لوگوں نے اپنے وظائف پر عمل کیا ہے
اُنہیں کیا دینا چاہیئے؟

**فرشتے کہتے ہیں:**

خدایا اُن کا انعام اور اکرام تو آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

**خداوند فرماتا ہے:**

”تم فرشتے گواہ رہنا کہ میں نے ان لوگوں کو بخش دیا ہے“۔

* * *

(شجرۂ طوبیٰ۔ جلد1۔ صفحہ 19)

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
عید سعید فطر مبارک
علی بن موسیٰ الرضا المرتضیٰ
امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا

کم سے کم چیز جو روزہ دار مردوں اور عورتوں کو نصیب ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ماہِ رمضان کے آخری دن ایک فرشتہ ندا دیتا ہے کہ: اے بندگانِ خدا۔! تمہیں یہ بشارت وخوشخبری ہو کہ تمہارے سابقہ گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں پس ابھی سے یہ سوچ لو کہ تم نے اب نئے سِرے سے کیا کچھ کرنا ہے۔۔

(تحف العقول ، ص170)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

**حضرت علیؑ عید الفطر کے ایک خطبہ میں ارشاد فرماتے ہیں:**

اے بندگانِ خدا! جان لو کم ترین چیز جو مرد اور عورت روزہ داروں کے لئے
خدا کی طرف سے معین کی گئی ہے وہ یہ ہے
کہ ماہِ رمضان کے آخری دن فرشتے خدا کی طرف سے صدا دیتے ہیں:

* * *

اے بندگانِ خدا! بشارت ہو، تمہارے گزشتہ گناہوں کو خدا نے بخش دیا ہے
آئندہ آنے والے دنوں کی فکر کرو کہ جس طرح
اپنی اِس تازہ زندگی کا اغاز کرنا چاہتے ہو۔
جب شوال کا چاند نظر آتا ہے تو فرشتے فریاد کرتے ہیں
کہ مومنوں! آؤ اور اپنے انعام حاصل کرو۔

(میزان الحکمت۔ جلد7۔ صفحہ 131)

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عید مبارک
Happy E

## عید
## فطر
## سعید
## مبارک

**سید ابنِ طاوسؒ**
**فرماتے ہیں:**

اپنے اِس روزِ عید کو کھیل کود اور بے کار باتوں میں نہ گزارو کہ تمھیں نہیں معلوم آیا تمہارے اعمال رَد ہوئے یا قبول ہوئے ہیں پس اگر تمھیں اِن کے قبول ہونے کی اُمید ہے تو اِس پر تمھیں بہترین طریقے سے شکر ادا کرنا چاہیئے اور اگر تمھیں اعمال کے رَد ہونے کا ڈر ہے تو تمھیں اِس پر گہرے غم میں ڈوبے رہنا چاہیئے۔۔

(مفاتیح الجنان، پہلی شوال کے اعمال)

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

# دعائے ندبہ

## دُعائے ندبہ کا ایک مختصر تعارف

دُعائے نُدبہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقولہ دعاؤں میں سے ایک ہے اور مستحب ہے کہ چار عیدوں یعنی فطر، ضحیٰ، غدیر اور جمعہ میں پڑھی جائے۔

اِس دُعا کو سیّد ابن طاؤس رح نے اپنی کتاب اقبال الاعمال میں نقل کیا ہے۔

شیعیانِ اہلِ بیتؑ عام طور پر جمعہ کے روز طلوعِ آفتاب سے قبل امام زمانہ علیہ السلام کے فراق میں اِس دُعا کی قرأت کا اہتمام کرتے ہیں۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## خوشی ھے اُس کے لئے

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

خوشی ہے اُس کے لئے
جس کا سینہ کینے سے خالی ہو، دل کھوٹ سے پاک ہو
اور خوشی ہے اُس شخص کے لئے
جو اپنے دل کو تقویٰ کا لباس پہنائے۔

(رہبرِ کامل۔ صفحہ 231)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# عید مبارک



اَللّٰھُمَّ اَھْلَ الْکِبْرِیَآءِ وَالْعَظَمَۃِ، وَاَھْلَ الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ، وَاَھْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَۃِ،

اے اللہ تو ہے مالک بزرگیوں کا اور بڑائی کا، تو ہے مالک بخشش کا اور دبدبے کا، تو ہے مالک درگزر اور مہربانی کا،

وَاَھْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَۃِ، اَسْأَلُكَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ، الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْداً،

اور تو ہے مالک پناہ و پردہ پوشی کا، سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ آج کے دن کے جس کو تو نے مسلمانوں کیلئے عید قرار دیا

وَلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ ذُخْراً وَمَزِیْداً، اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، وَ اَنْ

اور بنایا ہے اسے سرمایہ اور اضافے کا دن حضرت محمدؐ کیلئے، کہ تو آج رحمت نازل کر سرکار محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور یہ کہ

تُدْخِلَنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْہِ مُحَمَّداً وَآلَ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ

داخل کر مجھے ہر اُس نیکی میں جس میں تو نے داخل کیا سرکار محمدؐ اور آل محمدؐ کو اور یہ کہ دُور کر دے مجھے ہر اُس بدی سے

اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّداً وَآلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ مَا

جس سے دُور رکھا تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو تیری رحمتیں ہوں آنحضرتؐ پر اور انکی آلؑ پر اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر اُس

سَأَلَكَ بِہٖ عِبَادُكَ الصّٰلِحُوْنَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْہُ عِبَادُكَ الْمُخْلَصُوْنَ

بھلائی کا جس کا سوال تجھ سے تیرے نیک بندوں نے کیا اور پناہ لیتا ہوں تیری جس سے تیرے نیکوکار بندوں نے پناہ چاہی ہے۔

/maulana.dawoodani

# عید مبارک

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جب کوئی فاسق و فاجر کی
تعریف کرتا ہے تو
عرشِ الٰہی کانپ اٹھتا ہے اور
خدا غضبناک ہوتا ہے (تحف العقول)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

فاسق و فاجر مثلاً :

فحش کلامی کرنے والے ، حرام گانے گانے والے ،
فواحشات کو فروغ دینے والے اداکار اور اداکارائیں
جوا کھیلنے والے کھلاڑی اور کھلم کھلا گناہ کرنے والے وغیرہ

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

.com/madrasatulqaaim

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا

## زیب و زینت

اعمال کے صحیح ہونے سے
حاصل ہوتی ہے
نہ کہ کپڑوں کی خوبصورتی سے۔

(غرر الحکم)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذرؓ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا

اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مال کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔۔

(الأمالی طوسیؒ ۔ص536)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

(کتاب: نہج الفصاحہ
مؤلف: ابوالقاسم پائندہ)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

(تعداد کے اعتبار سے)

عورتوں کے بارے میں کم لباس سے مدد حاصل کرو کیونکہ! جب اُن کے کپڑے زیادہ اور اچھے ہوں گے تو وہ گھر سے باہر نکلنے کے لئے بیتاب رہے گی۔۔

* * *

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

سب سے زیادہ بابرکت
وہ خواتین ہیں
جن کے
اخراجات کم ہیں

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## محبت سے گلے ملنے کا ثواب

**امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا**

دو مومن جب ایک دوسرے سے گلے ملتے ہیں تو
اللہ کی رحمت اُن کو ڈھانپ لیتی ہے بشرطیکہ
وہ خدا کی خوشی کیلئے ملتے ہوں، تو اُن سے کہا جاتا ہے
اب تم اپنے عمل کو نئے سِرے سے شروع کرو۔۔

(اصول کافی ۔ کتابِ ایمان وکفر)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## عید پر حرام نگاہ سے بچ کر اپنی رمضان بھر کی نمازوں کو بچا لیجئے

ارشادِ ربّ العزّت ہے:

اے داؤد۔ ! کچھ ایسے بندے ہیں جن کی نماز کو میں اُن کے منہ پر دے مارتا ہوں، نہ اُن کی آواز سنتا ہوں اور نہ مجھے اُن کی فکر ہے۔

اے داؤد جانتے ہو یہ کون لوگ ہیں؟

**یہ وہ لوگ ہیں جو دوسروں کی بیویوں کو شہوت سے دیکھتے ہیں۔۔**

(عدۃ الدّاعی
علّامہ احمد ابنِ فہد حلّیؒ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## عید میں ہونے والا گناہِ کبیرہ ... بے حجابی

# عفاف و حجاب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**جو شوہر اپنی بیوی کے سلسلے میں غافل ہو اور اسکے پردے اور عفّتِ نفس کے بارے میں خیال نہ رکھے تو ایسا شوہر دیّوث (بے غیرت) ہے۔**

رسولؐ فرماتے ہیں کہ جو شوہر اپنی بیوی کی اطاعت کرے گا خدا اُسے منہ کے بل جہنّم میں ڈال دے گا۔ حضورؐ سے پوچھا گیا کہ اس اطاعت سے کیا مراد ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا: حمّاموں (بیوٹی پارلر)، شادیوں، غم کی محفلوں میں باریک لباس پہن کر جانے کی خواہش کو مان لے (فروع کافی جلد۵)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## عید میں بھی باحجاب رہ کر عقلمند ہونے کا ثبوت دیجئے



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

امیرالمومنین امام علیؑ نے فرمایا

**عقلمند وہ ہے**

**جو گناہوں سے پرہیز کرے**
**اور عیبوں سے پاک رہے۔۔**

(غررالحکم)

حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا

**جاہل وہ ہوتا ہے جو**
**خدا کی نافرمانی کرے،**

**خواہ وہ دیکھنے میں کتنا ہی خوبصورت**
**اور بڑی شان والا ہی کیوں نہ ہو۔**

(کتاب: عقل۔ آقائے ری شہری)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک



## عید میں خاص طور پر حجابِ اسلامی کا خیال رکھیں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**عورت کیلئے مناسب نہیں ہے کہ گھر سے باہر نکلنے پر اپنے لباس کو نمایاں کرے۔۔**

(فروعِ کافی)

عورتوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے لباس و جسم کے بارے میں لاپرواہی سے کام نہ لیں اور خود کو ذلیل و پست افراد کی نگاہوں کا نشانہ نہ بننے دیں اور اپنی عزت و آبرو کا خیال رکھیں کیونکہ حجاب اور غیرت لازمی ہیں۔۔

امام صادقؑ فرماتے ہیں **جس میں حیا نہ ہو اُس میں ایمان نہیں ہے۔۔** (بحارالانوار جلد ۷۱)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## عید

### صلۂ رحمی کا بہترین موقع

امام جعفرِ صادق علیہ السّلام نے فرمایا

اپنے رشتہ داروں کے ساتھ
ایک گھونٹ پانی ہی کے ذریعے کیوں نہ ہو
صلۂ رحم قائم کرو۔۔

(اصولِ کافی جلد 2 ص 151)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## عید کے موقع پر بھی اللہ کے شرعی قوانین کا خیال رکھیں

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

تم دیکھ رہے ہو کہ خدا کے قوانین توڑے جا رہے ہیں
پھر بھی تمہیں غصّہ نہیں آتا
حالانکہ اپنے باپ دادا کے عہد (رسومات) ٹوٹنے کو
تم اپنے لئے باعثِ شرم سمجھتے ہو۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

(نہج البلاغہ خطبہ 106 سے اقتباس)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## بدترین آوازوں میں سے ایک آواز گانا ہے۔

(امام جعفر صادقؑ ۔ وسائل الشیعہ)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**جو شخص گانا سُنتا ہے اُس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔۔**

**اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے کہ میں جہان والوں کیلئے رحمت بنوں اور آلاتِ موسیقی کو نابود کردوں**

(مستدرک الوسائل ۔ میرزا حسین نوریؒ ۔ باب79)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## گانا و موسیقی انسان کو بے غیرت بناتے ہیں

**امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا**

اگر کسی گھر میں چالیس دن تک گانا بجانا جاری رہے اور
لوگ وہاں آتے جاتے رہیں تو شیطان صاحبِ خانہ کے
جسم اور اعضاء میں گردش کرنے لگتا ہے اور پھر
اِس کے بعد اُس کا وجود غیرت سے خالی ہو جاتا ہے اور
اِس حد تک کہ اگر اُس کی خواتین پر بھی کوئی دست درازی کرے
تو وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلے گا۔۔

(وسائل الشیعہ
ابواب المقدمات النکاح)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## مرد حضرات عید میں بھی باغیرت رہ کر اللہ تعالیٰ کے دوست بن جائیں

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

بے شک خداوند عالم غیور ہے اور
غیرت رکھنے والے ہر شخص کو دوست رکھتا ہے،
اُس کی غیرت یہ ہے کہ اُس نے
تمام ظاہری و باطنی
گناہوں کو حرام قرار دیا ہے۔۔

(وسائل الشیعہ جلد۲۰)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## عید میں بھی اپنی نگاہوں کو حرام سے بچائیے

satanic
the look
prohibited

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**جو مرد بھی نامحرم عورت کو** (لذّت کے ارادے سے)
دیکھے گا تو بروزِ قیامت اس مرد کی آنکھوں کو آتشِ دوزخ
کی سرخ سلاخوں سے داغا جائے گا۔
پھر حکمِ خدا سے اس مرد کو
آتشِ دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔۔ (جامع الاخبار)

* * *

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں! **جو شوہر دار عورت اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور مرد کو** نظر بھر کر لذّت سے دیکھے تو خدائے رحمان اُس پر شدید غضبناک ہوتا ہے۔۔ (بحار جلد ۱۰۴)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## عید کے موقع پر جہاد

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

اللہ تعالیٰ نے عورت و مرد دونوں پر جہاد واجب کیا ہے۔

مرد کا جہاد یہ ہے کہ وہ اپنی جان و مال اللہ کی راہ میں قربان کردے اور

عورت کا جہاد یہ ہے کہ شوہر کی آزادی و غیرت مندی کے ساتھ موافقت کرے۔

(یعنی اگر شوہر ناموس کی حفاظت کی خاطر

بے جا اور ناجائز آمدورفت سے روکے تو

اُس کی مخالفت نہ کرے۔۔)

(وسائل الشیعہ

ابواب المقدمات النکاح)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

عید کے موقع پر
اطاعتِ خدا

عید کے موقع پر
حرام سے پرہیز

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

امیر المومنین امام علیؑ نے فرمایا

مومن کی خوشی
اُس کے ربّ کی اطاعت میں
اور
مومن کا غم
اُس کے گناہ پر ہوتا ہے۔۔

(غرر الحکم)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

امیر المومنین امام علیؑ نے فرمایا

ہر وہ شخص جس کی تمام کوشش
پیٹ بھرنے کیلئے ہے
اُس شخص کی قیمت اتنی ہی ہے جو
اُس کے پیٹ سے خارج ہوتی ہے۔۔

(غرر الحکم جلد نمبر 5)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اچھے لباس، تمناؤں اور آرزؤں سے
ایمان حاصل نہیں ہوتا
بلکہ ایمان یہ ہوتا ہے
کہ دل میں خلوص ہو
اور اعمال اس کی تصدیق کریں۔

(بحارالانوار۔ جلد 69۔ صفحہ 72)

محمد رسول اللہ

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# عید مبارک

## افضل ترین صدقہ

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا

کمزور کی امداد کرنا
افضل ترین صدقہ ہے۔

(بحار الانوار۔ جلد 78۔ صفحہ 326/ میزانِ حکمت۔ جلد 5۔ صفحہ 491)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# اعمالِ عیدالفطر

## پہلی شوال کا دن

یہ عیدالفطر کا دن ہے اور اس میں چند ایک اعمال ہیں:

(۱) نماز فجر کے بعد اور نماز عید کے بعد وہ تکبیریں پڑھے جو شب عید کے اعمال میں ذکر ہو چکی ہیں

(۲) وہ دعا پڑھے کہ سید نے روایت کی ہے کہ اسے نماز فجر کے بعد پڑھے اور شیخ کا فرمان ہے، کہ اسے نماز عید کے بعد پڑھے:

**اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَوَجَّھْتُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ اَمَامِی. الخ**

اے معبود! میں اپنے رہبر حضرت محمد (ص) کے وسیلے سے تیرے حضور آیا ہوں

(۳) نماز عید سے قبل گھر کے ہر چھوٹے بڑے فرد کی طرف سے زکات فطرہ ادا کرے کہ جس کی مقدار فی کس ایک صاع یعنی ۳ ۱/۲ چھٹانک جنس یا اس کی قیمت بتائی گئی ہے، اس کی تفصیل کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔

واضح رہے کہ زکات فطرہ واجب مؤکد ہے جو ماہ مبارک کے روزوں کی قبولیت اور سال آئندہ تک حفظ وامان کا سبب ہے۔ خدا نے سورہ اعلیٰ میں زکات کا ذکر نماز سے پہلے کیا ہے:

**قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی وَذَکَرَ اسْمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰی**

کامیاب ہؤا وہ جس نے زکوٰۃ دی اور اپنے پروردگار کو یاد کیا پھر نماز پڑھی۔

اس سے ظاہر ہے کہ زکات فطرہ کا نماز عید سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے:

# اعمالِ عید الفطر

(۴) غسل کرے اور بہتر ہے کہ نہر میں غسل کیا جائے۔ اس کا وقت طلوع فجر سے نماز عید پڑھنے سے قبل تک ہے۔

شیخ فرماتے ہیں کہ یہ غسل چھت کے نیچے کرنا زیادہ مناسب ہے، غسل کرتے وقت یہ کہے:

اَللّٰھُمَّ اِیْمَاناً بِکَ وَتَصْدِیْقاً بِکِتَابِکَ وَاتِّبَاعَ سُنَّةِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ

اے معبود! تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تیری کتاب کی تصدیق کرتا ہوں اور تیرے نبی حضرت محمد کی سنت و روش کا پیروکار ہوں

بسم اللہ پڑھ کر غسل شروع کرے اور غسل کے بعد کہے: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ کَفَّارَةً لِذُنُوْبِیْ وَطَهِّرْ

اے معبود! اس غسل کو میرے گناہوں کا کفارہ بنا اور میرے دین کو

دِیْنِیْ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الدَّنَسَ

پاک فرما اے معبود! مجھ سے ناپاکی کو دور کر دے

(۵) عمدہ لباس پہنے اور خوشبو لگائے۔ مکہ مکرمہ کے سوا کسی اور مقام پر ہو تو نماز عید صحرا میں کھلے آسمان تلے ادا کرے۔

(۶) نماز عید سے پہلے دن کے آغاز میں افطار کرے اور بہتر ہے کہ کھجور یا مٹھائی سے ہو، شیخ مفید (رح) فرماتے ہیں کہ افطار میں تھوڑی سی خاک شفا کھائے تو وہ ہر بیماری سے شفا کا موجب بنے گی۔

(۷) جب نماز عید کے لیے تیار ہو جائے تو طلوع آفتاب کے بعد گھر سے نکلے اور وہ دعائیں پڑھے جو سید نے کتاب اقبال میں نقل کی ہیں۔

# اعمالِ عید الفطر

اس ذیل میں ابو حمزہ ثمانی نے امام محمد علیہ السلام باقر سے روایت کی ہے کہ عید فطر، عید قربان اور جمعہ کے روز جب نماز کے لیے نکلے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَنْ تَهَيَّأَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ أَوْ تَعَبَّأَ أَوْ أَعَدَّ وَاسْتَعَدَّ لِوِفَادَةٍ إِلَى مَخْلُوقٍ رَجَاءَ

اے معبود! جو شخص آمادہ ہے آج کے دن یا کمر بستہ ہے یا تیاری کرتا اور تیار ہوتا ہے لوگوں کی طرف جانے کیلئے اس امید سے کہ ان

رِفْدِهِ وَنَوَافِلِهِ وَفَوَاضِلِهِ وَعَطَايَاهُ فَإِنَّ إِلَيْكَ يَا سَيِّدِي تَهْيِئَتِي وَتَعْبِئَتِي وَإِعْدَادِي

سے نقدی چیزیں بخششیں اور عطائیں لے لیکن اے میرے آقا میری تیاری میری آمادگی اور میری ساری کوشش تیری طرف

وَاسْتِعْدَادِي رَجَاءَ رِفْدِكَ وَجَوَائِزِكَ وَنَوَافِلِكَ وَفَوَاضِلِكَ وَفَضَائِلِكَ وَعَطَايَاكَ

آنے میں ہے کہ میں امیدوار ہوں تیری عطا تیرے انعام تیری عنائتوں تیرے احسانوں تیری مہربانیوں اور بخششوں کا اور آج صبح

وَقَدْ غَدَوْتُ إِلَى عِيدٍ مِنْ أَعْيَادِ أُمَّةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ

کی ہے میں نے ایک عید کے دن جو تیرے نبی محمد (ص) کہ خدا کی رحمتیں ہوں ان پر اور ان کی آل (ع) پر کی امت کی عیدوں میں سے ہے

اور

وَلَمْ أَفِدْ إِلَيْكَ الْيَوْمَ بِعَمَلٍ صَالِحٍ أَثِقُ بِهِ قَدَّمْتُهُ وَلَا تَوَجَّهْتُ بِمَخْلُوقٍ أَمَّلْتُهُ وَلٰكِنْ

میں آج تیرے حضور کوئی صالح عمل لے کر نہیں آیا ہوں جسکو یقینی طور پر پیش کروں نہ کسی مخلوق کی طرف توجہ اور امید رکھتا ہوں ہاں

أَتَيْتُكَ خَاضِعاً مُقِرّاً بِذُنُوبِي وَإِسَاءَتِي إِلَى نَفْسِي. فَيَا عَظِيمُ يَا عَظِيمُ يَا

مگر تیری جناب میں عاجز بن کر اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اقراری ہو کر آیا ہوں تو اے عظمت والے اے عظمت والے اے

عَظِيمُ اغْفِرْ لِيَ الْعَظِيمَ مِنْ ذُنُوبِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ الْعِظَامَ إِلَّا أَنْتَ يَا لَا إِلٰهَ

عظمت والے بخش دے میرے بڑے بڑے گناہوں کو کیونکہ تیرے سوا کوئی نہیں ہے جو بڑے بڑے گناہوں کو بخشتا ہو تیرے سوا

إِلَّا أَنْتَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

سوا کوئی معبود نہیں ہے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

# اعمالِ عید الفطر

(۸) نماز عید دو رکعت ہے، پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ اعلیٰ پڑھے اور پانچ تکبیریں کہے کہ ہر تکبیر کے بعد یہ قنوت پڑھے:

اَللّٰهُمَّ أَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ. وَأَهْلَ الْجُودِ وَالْجَبَرُوتِ. وَأَهْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَةِ

بارالہا بزرگیوں کا اور بڑائی کا مالک تو ہے اور بخشش کا اور دبدبے کا مالک تو ہے درگزر اور مہربانی کا مالک تو ہے

وَأَهْلَ التَّقْوىٰ وَالْمَغْفِرَةِ. أَسْأَلُكَ بِحَقِّ هٰذَا الْيَوْمِ الَّذِي جَعَلْتَهُ لِلْمُسْلِمِينَ عِيداً وَ

میں پناہ و پردہ پوشی کا سوال کرتا ہوں میں بواسطہ آج کے دن کے جس کو تو نے مسلمانوں کیلئے،

لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ ذُخْراً وَمَزِيداً أَنْ تُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ

محمد کیلئے عید قرار دیا اسے سرمایہ اور اضافہ کا دن بنایا ہے آج محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ

تُدْخِلَنِي فِي كُلِّ خَيْرٍ أَدْخَلْتَ فِيهِ مُحَمَّداً وَآلَ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تُخْرِجَنِي مِنْ كُلِّ سُوءٍ

داخل کر مجھے ہر اس نیکی میں جس میں تو نے محمد(ص) وآل(ع) محمد(ص) کو داخل کیا اور یہ کہ دور کردے مجھے ہر اس بدی

أَخْرَجْتَ مِنْهُ مُحَمَّداً وَآلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ . اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ

ہے جس سے تو نے محمد(ص) و آل محمد(ص) کو دور رکھا تیری رحمتیں ہوں آنحضرت(ص) پر اور انکی آل پر اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر اس

مَا سَأَلَكَ عِبَادُكَ الصَّالِحُونَ. وَأَعُوذُ بِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُونَ.

بھلائی کا جس کا سوال تجھ سے تیرے نیک بندوں نے کیا اور پناہ لیتا ہوں تیری جس سے تیرے نیکوکار بندوں نے پناہ چاہی ہے۔

پھر چھٹی تکبیر کہہ کر رکوع و سجود کرے۔

دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الشمس پڑھے اور چار تکبیریں کہے، ہر تکبیر کے بعد وہی قنوت پڑھے اور پانچویں تکبیر کہہ کر رکوع و سجود کرے اور تشہد و سلام کے بعد تسبیح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھے:

نماز عید کے بعد پڑھنے کی بہت سی دعائیں منقول ہیں اور ان میں سب سے بہتر صحیفہ کاملہ کی چھیالیسویں دعا ہے۔ مستحب ہے کہ نماز عید زیر آسمان ایسی زمین پر پڑھے، جس کا فرش نہ کیا گیا ہو۔ نماز کے بعد گھر واپس آتے ہوئے اس راستے سے نہ آئے، جس سے نماز کے لیے گیا تھا اس روز اپنے لیے اور اپنے دینی بھائیوں کیلئے جو دعا بھی مانگے گا قبول ہوگی۔

(۹) امام حسینؑ کی زیارت پڑھے:

(10) دعائے ندبہ پڑھے کہ جس کا ذکر باب زیارت میں آئے گا، سید ابن طاؤس کہتے ہیں کہ یہ دعا پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھے اور کہے:

أَعُوذُ بِكَ مِنْ نَارٍ حَرُّهَا لاَ يُطْفَأُ وَجَدِيدُهَا لاَ يَبْلَى وَعَطْشَانُهَا لاَ يَرْوَى اب دایاں

تیری پناہ لیتا ہوں آگ سے جو بجھائی نہیں جا سکتی اور اس کی تازگی ماند نہیں پڑتی اور جس کی پیاس دور نہیں ہوتی

رخسار رکھے اور کہے: إِلٰهِي لاَ تُقَلِّبْ وَجْهِي فِي النَّارِ بَعْدَ سُجُودِي وَتَعْفِيرِي لَكَ بِغَيْرِ

اے معبود! میرے چہرے کو آگ میں نہ الٹ پلٹ جبکہ میں نے سجدے کیے اور تیرے لیے اسے خاک پر رگڑا ہے

مَنٍّ مِنِّي عَلَيْكَ بَلْ لَكَ الْمَنُّ عَلَيَّ پھر بایاں رخسار رکھے اور کہے: ارْحَمْ مَنْ أَسَاءَ وَاقْتَرَفَ

کہ اس میں تجھ پر میرا کوئی احسان نہیں بلکہ یہ مجھ پر تیرا احسان ہے رحم فرما اس پر جس نے بدی و نافرمانی

وَاسْتَكَانَ وَاعْتَرَفَ اور پھر سجدہ میں جائے اور کہے: إِنْ كُنْتُ بِئْسَ الْعَبْدُ فَأَنْتَ نِعْمَ الرَّبُّ

کی اور وہ بے چارہ اس کا اعتراف کرتا ہے اگر میں ایک برا بندہ ہوں پس تو یقینا اچھا پروردگار ہے تیرے بندے سے

عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ يَا كَرِيمُ پھر سو بار کہے: اَلْعَفْوُ الْعَفْوُ

بڑے بڑے گناہ ہوئے ہیں تو بھی تیری طرف سے بہترین پردہ پوشی ہی ہونی چاہیئے اے مہربان معافی، معافی۔

اس کے بعد سید ابن طاؤس فرماتے ہیں: اور اپنے اس روز عید کو کھیل کود اور بے کار باتوں میں نہ گزاریں کہ تجھے نہیں معلوم آیا تیرے اعمال رد ہوئے ہیں یا قبول ہوئے ہیں پس اگر تجھے ان کے قبول ہونے کی امید ہے تو اس پر تجھے بہترین طریقے سے شکر ادا کرنا چاہیئے اور اگر تجھے اعمال کے رد ہونے کا ڈر ہے تو تجھے اس پر گہرے غم میں ڈوبے رہنا چاہیئے۔

# عید مبارک

## شوّال کے 6 روزے

موجودہ اکثر مجتہدین کے فتاویٰ میں
شوّال کے چھ روزوں کا
خصوصی استحباب ثابت نہیں ہے
البتہ اگر کوئی یہ روزے رکھنا چاہے
تو رجائے مطلوبیت کی نیت سے رکھ سکتا ہے۔
بہتر ہے کہ یہ روزے
شوّال کی 4 تا 9 تاریخ تک رکھے جائیں
البتہ بعد میں بھی رکھے جاسکتے ہیں۔

(مجتہدین کے فتاویٰ کمنٹس میں ملاحظہ فرمائیں)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim